BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

موسم بہار کی خوشیاں 'سِیڈی سیچرڈے اور 'گارڈن شو' کے ساتھ منائیں

برامپٹن، آن (18 فروری 2020) – موسم بہار کی آمد آمد ہے اور اسی خوشی میں سٹی آف برامپٹن کے 8 ویں سالانہ سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے!

اس سال سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو کا انعقاد سنچری گارڈزنز ری کریئیشن سنٹر آڈیٹوریم میں بروز ہفتہ، مورخہ 29 فروری کو صبح 10 بجے سے دن 3 بجے تک کیا جا رہا ہے۔ اگر آپ باغبانی کے شعبے میں نئے ہیں یا اگر آپ ایک ماہر کسان ہیں، تو آپ سب کو اس خاندان دوستانہ پروگرام میں خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

30 سے زیادہ نمائش کنندگان کے ساتھ، شرکاء کو ماہرین کی مفید باتیں سننے، باغبانی کی معلومات حاصل کرنے، بیجوں کا تبادلہ اور خریداری، باغبانی کرنے والی کمیونٹیز میں شمولیت اختیارکرنے، کِڈز زون سے لطف اندوز ہونے اور سیڈی کیفے سے لطف اٹھانے کا موقع ملے گا۔

پورے دن کے دوران باغبانی کے ماہرین درج ذیل چار سیمینار بھی منعقد کریں گے:

- صبح 10:30 تا صبح 11:15 تک، نینسی لوٹیکی-نیلے، زیرو ویسٹ کیلڈون، کوڑا کرکٹ کیوں اہم ہے (“Why Waste Matters”)
- دن 11:30 تا دن 12:15 تک، ایمہ بِگز، ہارٹیکلچرل رائیٹر اور براڈکاسٹر، باغبانی ایمہ کے سنگ (“Gardening with Emma")
- دن 12:30 تا دن 1:15 تک، برائن مِلوارڈ، سٹیورڈشپ کوآرڈینیٹر، لوکل انٹرٹینمنٹ اینڈ اپریسی ایشن آف فارسٹس (LEAF)، درخت، شہد کی مکھیاں اور دیگر چیزیں (“Trees, Bees & Other Things”)
- دن 1:30 تا دن 2:15 ، سٹیون بِگز، ہارٹیکلچرل رائیٹر اینڈ براڈ کاسٹر، شہری پس منظر میں غذائی اجناس (“Edibles in Urban Landscapes")

داخلہ مفت ہے اور پہلے 100 مہمانوں کو ایک مفت پودا بھی دیا جائے گا۔

اس موقع کا انعقاد برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی کی جانب سے کیا جا رہا ہے اور اس کو سیڈز آف ڈائیورسٹی کی حمایت حاصل ہے، جو کہ کینیڈا کی ایک رفاعی تنظیم ہے اور یہ زراعت اور فن باغبانی کے تنوع کے لیے وقف شدہ ایک تنظیم ہے اور اس موقع کے انعقاد میں ریویرا آئی این سی (Revera Inc) نے تعاون کیا ہے۔

تفصیلات کے لیے www.brampton.ca/parks ملاحظہ کریں۔

اقتباسات

"برامپٹن چونکہ ایک سرسبز و شاداب شہر ہے اور ماحولیاتی پروگرام جیسے سیڈی ویک اور گارڈن شو ہماری حیوانی تنوع کی اہمیت کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ زراعت اور فن باغبانی کے ماہرین کِڈز زون میں مفید معلومات فراہم کریں گے، جہاں پر بچے خوراک کے استحکام کے بارے میں سیکھ سکتے ہیں اور اس پروگرام میں ہر عمر کے افراد کی دلچسپی اور سیکھنے کا کچھ نہ کچھ مواد ضرور موجود ہو گا!

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"پچھلے سال سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو نے 1,100 سے زاہد شرکاء کو اپنی جانب راغب کیا۔ میں تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں، خاص طور پر اگر آپ باغبانی اور زراعت سے کچھ رغبت رکھتے ہیں، تو یہ جاننے کے لیے ضرور تشریف لائیں کہ اس موسم بہار میں آپ پودے کس طرح لگا سکتے ہیں اور برامپٹن کو کیسے مزید سرسبز بنا سکتے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر اینڈ چیئر، پبلک ورکس اینڈ انجنیئرنگ، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی 8 ویں سالانہ سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو کی خوشیاں منانے میں سٹی آف برامپٹن کے ساتھ ایک بار پھر شراکت داری کے لیے پرجوش ہے۔ یہ پروگرام خصوصی طور پر باغبانی، ماحولیاتی استحکام اور تحفظ کے بارے میں ہے، جبکہ کمیونٹی کو اپنے ارد گرد کے ماحول کو بہتر بنانے کی اہمیت کے بارے میں جاننے کے لیے یہاں پر اکٹھا کیا جا رہا ہے۔"

- *کیرول سپریگیٹ، صدر برامپٹن ہارٹیکچرل سوسائٹی*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca